نام کتاب: ناموں کے بارے میں اسوۂ رسول ﷺ

تالیف: مولانا حافظ محمد ابراہیم فیضی

صفحات: ۱۷۶

قیمت: درج نہیں

ناشر: مکتبہ فیض القرآن۔ اردو بازار، کراچی

تبصرہ نگار: حافظ محمد عارف گھانچی

نومولود کا نام رکھنا ایک فن تھا، اسی لئے ماضی میں یہ فریضہ خاندان کے بزرگ سرانجام دیتے تھے۔ مگر پھر دیکھتے ہی دیکھتے سب کچھ تبدیل ہوگیا۔ اپنی ہر چیز جب پرانی بل کہ فرسودہ محسوس ہونے لگی تو رفتہ رفتہ ہر روایت اور ہر شناخت بل کہ مکمل اسلوب حیات ہی سے پیچھا چھڑالیا گیا، یوں ناموں کے بارے میں بھی جدت پسندی نے نئے رجحانات متعارف کرائے۔ اس کے نتیجے میں جس انداز کے ناموں کی ہمارے ہاں بھرمار ہوئی وہ سب کے سامنے ہیں۔

ان حالات میں موجودہ کتاب دراصل ماضی کی جانب ایک سفر ہے۔ فاضل مصنف نے اس کتاب کے لئے ایسے موضوع کا انتخاب کیا ہے جو ہمارے ہر گھر کا ہر وقت زیر بحث موضوع ہے۔ اس بناپر اس حوالے سے کسی جامع کتاب، کسی مجموعے بل کہ ایک گائڈ بک کی کافی ضرورت محسوس کی جاتی رہی ہے، جو ہمہ وقت ہر گھر میں موجود ہو اور ہماری رہ نمائی کا فریضہ سرانجام دے سکے۔

جیسا کہ عرض کیا گیا کہ بعض اوقات لاعلمی کے سبب سے یا جلد بازی میں بچوں اور بچیوں کے نام ایسے رکھ دیے جاتے ہیں جن کے معانی و مفہوم شرعی اعتبار سے درست محسوس نہیں ہوتے، یا غیر اسلامی تہذیب کی عکاسی کرتے ہیں۔ اور ایک بار غلطی ہوجائے تو آج کل بسا اوقات ناموں کو تبدیل کرنے کا عمل بھی خاصی دشواریاں سامنے لاتا ہے۔ اس بناپر اس کتاب کو ایک مفید کوشش قرار دیا جاسکتا ہے، جو ہر گھر کے لئے ناگزیر ضرورت کی حیثیت رکھتی ہے۔

فاضل مولف نے اس کتاب میں ان صحابہؓ اور صحابیاتؓ کا تذکرہ محفوظ کیا ہے جن کے نام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب سے رکھے یا آپ نے ان کے ناموں کی تصحیح فرمائی۔ فاضل مولف نے تصحیح شدہ ناموں کو بھی ایک ہزار سے زیادہ کی تعداد میں جمع کر کے ہم لوگوں کی مشکل آسان کر دی ہے، جو ایک مستحسن اور قابل تبریک قدم ہے۔

کتاب کا ایک اور امتیاز یہ ہے کہ اس میں فاضل مولف نے رسول اکرم ﷺ کا صحابہ کرامؓ سے اندازِ محبت اجاگر کرتے ہوئے ایسے نام بھی جمع کیے ہیں جو آپ ﷺ اپنے صحابہؓ کو پیار سے مخاطب کرتے ہوئے استعمال کرتے تھے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب سے رکھے گئے ناموں کا یہ مجموعہ ایک منفرد کوشش ہے، جسے ذوق اور شوق رکھنے والے محفوظ رکھ کر خوشی محسوس کر سکتے ہیں۔

ایسی کتاب ہر گھر میں ہونی چاہئے۔

☆☆

فصاحت و بلاغت اور خطابت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے ایک جامع مطالعہ

خطابت نبوی ﷺ

سید عزیز الرحمٰن

تقدیم

مولانا سلیم اللہ خاں مدظلہ

تعارف

ڈاکٹر سید سلمان ندوی

صفحات: ۲۷۲ قیمت: ۲۱۰ روپے

زوار اکیڈمی پبلی کیشنز